6*ستمبر 2019, جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی پبلک ریلیشنز آفس*

قومی اتحاد سے مسئلہ کشمیر کا حل ممکن ہو سکے گا۔وائس چانسلر طارق رفیع

وائس چانسلر پروفیسر۔سید محمد طارق رفیع نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر حل کرنے کے لیے قوم کے بچے بچے کو ملک کو مضبوط کرنے کی پر خلوص کوششیں کرنا ہوں گی۔ انہوں نے طالبعلموں کو 1965 کی جنگ میں عوام اور پاک افواج کی طرف سے دی جانے والی قربانیاں یاد دلاتے ہوئے کہا کہ جذبہ،درست حکمت عملی اور سخت محنت اللہ کی مدد سے کامیابی کی ضمانت ہیں۔ یہ بات انہوں نے جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں یوم دفاع اور یکجہتی کشمیر پر منعقدہ تقریب میں کہی جس میں طلبہ و طالبات کی پر زور تقاریر نے حاضرین کا لہو گرما دیا۔تقریب کی منتظم ڈاکٹرغزالہ نے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا۔تقریب میں کشمیر کی آزادی اور پاکستان کی سر بلندی کے لیے اجتماعی دعا بھی کی گئی۔

مزید معلومات کے لیے :پبلک ریلیشنز آفس ،جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی،فون:02199205185

،ایکسٹینشن،1076, *ای میل* media.cell@jsmu.edu.pk